برکس بزنس فورم لیڈرز ڈائیلاگ میں وزیراعظم کی شرکت

22اگست 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 22 اگست 2023 کو جوہانسبرگ میں برکس بزنس فورم لیڈرس ڈائیلاگ میں شرکت کی۔

رہنماؤں کو برکس بزنس فورم کے مباحثوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے تقریب کے دوران ہندوستان میں جاری اصلاحات پر زور دیا جس کا مقصد کاروبار کرنے میں آسانی کو بڑھانا ہے۔ انہوں نے سماجی اور اقتصادی چیلنجوں سے نپٹنے کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی حل کو اپنانے پر روشنی ڈالی۔ وزیر اعظم مودی نے برکس کاروباری رہنماؤں کو دعوت دی اور ان پر زور دیا کہ وہ ہندوستان کی ترقی کی کوششوں میں فعال طور پر شامل ہوں اور اس میں حصہ لیں۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے تسلیم کیا کہ کووڈ-19 وبائی مرض نے لچکدار اور جامع سپلائی چین کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے ان مقاصد کے حصول میں باہمی اعتماد اور شفافیت کے اہم کردار پر زور دیا۔

انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ برکس ممالک، مل کر کام کرتے ہوئے، عالمی بہبود، خاص طور پر گلوبل ساؤتھ کے فائدے کے لیے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

جوہانسبرگ

22 اگست 2023